**FUD-001**

Bachelor of Science (Food Safety and Quality Management) **(BSCFFSQM)**
Bachelor of Performing Arts–Hindustani Music **(BPAFHM)**
Bachelor of Arts (Facility and Services Management) **(BAFFSM)**
Bachelor of Arts (Vocational Studies) Tourism Management **(BAFVTM)**
Bachelor of Tourism and Travel Management **(BFTTM)**
Bachelor of Social Work **(BFSW)**
Bachelor of Science (Anthropology) **BSCFAN**
Bachelor of Arts (Home Science) **(BAFHSC)**
B.A. General **(BAG)**
Bachelor of Arts (Urdu) **(BAFUD)**

**ASSIGNMENT**
**(July, 2026 & January, 2027)**

**FUD-001**
(Foundation Course in Urdu)
اردو کا بنیادی کورس

# School of Humanities

**Indira Gandhi National Open University**
**Maidan Garhi, New Delhi-110068**

# ASSIGNMENT

## عزیز طلبا

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ اسائن منٹ آپ کے پروگرام کی مسلسل جانچ پڑتال کا حصہ ہے۔ اُمید ہے کہ آپ نے اپنا کورس دل لگا کر پڑھا ہو گا اور اس میں دی گئی تمام باتوں کی جانکاری حاصل کر لی ہو گی۔ اس لیے یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ آپ اس کورس کو سنجیدگی سے لیں اور وقت مقررہ پر اسائن منٹ جمع کریں۔ اسائن منٹ جمع کرنے کے بعد ہی آپ اپنے امتحان میں بیٹھ سکتے ہیں۔ ہر کورس کا ایک اسائن منٹ ہے۔ ہر اسائن منٹ ٹیوٹر مارکڈ اسائن منٹ (TMA) ہے جو 100 نمبروں پر مشتمل ہے اور پورے کورس کا احاطہ کرتا ہے۔

## مقصد

اس (TMA) کا مقصد یہ پتہ لگانا ہے کہ فراہم کیے گئے مواد کو آپ نے کتنا پڑھا اور سمجھا ہے۔ یہ اسائن منٹ نہ صرف آپ کی معلومات میں اضافہ کرے گا بلکہ یہ بھی بتائے گا کہ آپ اپنے کورس کے بارے میں کتنا جانتے ہیں۔ آپ کورس کی تمام اکائیوں کا بغور مطالعہ کیجیے اور جو باتیں سمجھ میں نہ آئیں وہ باتیں اسٹڈی سینٹر جا کر اپنے کونسلر سے پوچھیے۔

## مشورہ

سوالات کو غور سے پڑھیے اور ان نکات کو سمجھیے جن پر سوالات کی بنیاد ہے۔ ضروری باتیں نوٹ کر لیجیے اور انھیں منطقی ربط کے ساتھ پیش کر دیجیے۔ سوالوں کے جواب کتابوں سے نقل کرنے کے بجائے اپنے الفاظ میں لکھیے۔ اکائیوں کی عبارت کو جوں کا توں لکھنے سے گریز کیجیے۔ اپنے جوابات محتاط ہو کر تجزیاتی انداز میں لکھیے۔ مضمون نما سوالات کو شروع میں تمہید اور آخر میں اخذ شدہ نتائج کے ساتھ لکھیے۔ تمہید میں بتایے کہ آپ نے سوال کو کس طرح سمجھا ہے اور جواب کس طرح پیش کرنے جا رہے ہیں۔ آخر میں سوال کے جواب کو سمیٹ کر نتیجہ اخذ کیجیے۔ آپ جواب دیتے وقت دوسری کتابوں کا حوالہ بھی دے سکتے ہیں۔ اس طرح آپ کے مطالعے کی وسعت کا اندازہ ہو گا اور موضوع پر آپ کی گرفت اور گیرائی کا بھی پتہ چل سکے گا۔ آپ کو جواب لکھتے وقت یاد رکھنا چاہیے کہ وہ:

- ❖ منطقی نوعیت کے ہوں۔
- ❖ جملوں اور پیراگراف کے درمیان ربط ہو۔
- ❖ خیال اور طرز تحریر میں مطابقت ہو۔
- ❖ سوالوں کا اتنا ہی جواب دیجیے جتنا پوچھا گیا ہے۔

## ہدایت

اتنا یاد رکھیے کہ Term End Examination میں بیٹھنے سے پہلے آپ کو ہر کورس کا اسائن منٹ جمع کرنا ہے۔ اسائن منٹ کی ایک کاپی اپنے پاس محفوظ رکھیے تا کہ گم ہونے کی شکل میں حوالے کے لئے آپ کے پاس اپنا اسائن منٹ موجود ہو۔ ہماری نیک خواہشات آپ کے ساتھ ہیں۔

**Assignment لکھنے سے پہلے حسب ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ پروگرام گائڈ میں Assignment سے متعلق دی گئی ہدایات کا بغور مطالعہ کریں۔

2۔ اپنا نام، رول نمبر، پورا پتہ اور تاریخ، کاپی کے پہلے حصے کی بائیں جانب لکھیں۔

3۔ کاپی کے وسط میں کورس کا نام Assignment نمبر اور اپنے اسٹڈی سینٹر کا نام لکھیں جس سے آپ وابستہ ہوں۔

4۔ آپ کو ہر کورس کا اسائن مینٹ جمع کرنا ہے۔ اگر اسائن مینٹ جمع نہیں کیا تو TEE کے امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

**آپ کو اپنے اسائن منٹ کی کاپی کا پہلا صفحہ کچھ اس طرح پُر کرنا چاہیے:**

کورس کا عنوان------------------------------رول نمبر------------------------------

Assignment نمبر------------------------------نام------------------------------

اسٹڈی سینٹر کا نام------------------------------------------------------------

5۔ Assignment لکھنے کے لئے A4 سائز کا کاغذ استعمال کریں۔ صفحات الگ الگ نہ ہوں۔

6۔ جواب سے پہلے متعلقہ سوال لکھنا ضروری ہے۔

7۔ Assignment اپنی تحریر میں ہونا چاہیے۔

8۔ Assignment اپنے اسٹڈی سینٹر پر جمع کریں جس سے آپ وابستہ ہوں۔

Last date for Submission of Assignment:

For December Examination: 31st October

For June Examination: 31st March

**نوٹ:** اسائن منٹ جمع کروانے کی آخری تاریخ کے متعلق جاننے کے لئے IGNOU کی ویب سائٹ دیکھتے رہیے۔

Good Luck

| FUD-01 | اردو کا بنیادی کورس |
|---|---|

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

Course Code: FUD-01

Course Title: اردو کا بنیادی کورس

Assignment Code: FUD-01/TMA/2026-2027

Coverage: All Blocks

Marks: 100

نوٹ:- سبھی سوالوں کے جواب لکھنا لازمی ہے۔ سوالوں کے نمبر سامنے درج ہیں۔

### Section "A"

سوال نمبر 1 زبان کی تعریف اور اردو زبان کے رسم الخط، املا اور قواعد پر ایک مضمون لکھیے۔ 20

سوال نمبر 2 نظم اور غزل کی تعریف بیان کرتے ہوئے ان اصناف کی ہیئت سے متعارف کروائیے۔ 20

### Section "B"

سوال نمبر 3 بیانیہ نثر کی تعریف اور خصوصیات بیان کیجیے۔ 15

سوال نمبر 4 سیرت اور تہذیب سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ 15

### Section "C"

سوال نمبر 5 فضا اور ماحول پر نوٹ لکھیے۔ 10

سوال نمبر 6 ترجمہ کی تعریف اور اقسام قلم بند کیجیے۔ 10

سوال نمبر 7 صحافتی رپورٹنگ کے عمل پر روشنی ڈالیے۔ 10